اقبال اور برصغیر کی تحریک آزادی

مصنف : پروفیسر ڈاکٹر محمد ریاض

شائع کردہ : آئینہ ادب، چوک مینار، انارکلی، لاہور

سال اشاعت : ۱۹۷۸ء   تعداد صفحات : ۱۰۴

قیمت : ۹ روپے (مجلد مع گرد پوش)

برصغیر کی تحریک آزادی خاصکر تقسیم ہند اور قیام پاکستان کے ساتھ اقبال کی نسبت کے متعلق کچھ کہنا تحصیل حاصل ہوگا۔ یہ باتیں ہمارے قومی مسلمات میں شامل ہیں۔ اس عنوان سے بحث جستہ جستہ مختلف کتابوں میں ملے گی، پروفیسر ڈاکٹر ریاض نے اس عنوان سے متعلق متفرق بکھری ہوئی معلومات کو یکجا کرکے ایک لڑی میں پرو دیا ہے۔ اب ایک قاری کو اقبال کی زندگی کے اس پہلو سے روشناس ہونے کے لئے بہت سی کتابوں کی ورق گردانی کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ زیر نظر کتاب کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ اس میں مصنف نے نثری سواد کے علاوہ اقبال کی شاعری سے بھی مدد لی ہے۔ ڈاکٹر ریاض کی اپنی شخصیت محتاج تعارف نہیں وہ علمی اور ادبی دنیا میں جانے پہنچانے جاتے ہیں۔ فکر و نظر کے صفحات میں بھی وہ گاہے گاہے نظر آتے رہتے ہیں۔ دین اسلام، ملت بیضاء، پاکستان اور عالم اسلام سے انہیں تعلق خاطر ہے اور یہ تعلق ان کی تحریروں سے صاف جھلکتا ہے۔ اقبال ان کے پسندیدہ موضوعات میں سے ہے اور اس کی وجہ ظاہر ہے۔ بحیثیت ایک مصنف اور مضمون نگار کے وقار سنجیدگی اور متانت ان کا ما بہ الامتیاز ہے۔

(شرف الدین اصلاحی)